# 15-07-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے وزارت جل شکتی کے ساتھ کل کی مجوزہ میٹنگ کے ایجنڈے پر از سر نو غور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

......ہندوستانی خلاباز شو بھانو شو شکلا Axiom-4 مشن کے دیگر تین عملے کے ساتھ اٹھارہ روزہ تاریخی مشن کامیابی کے ساتھ مکمل کرتے ہوئے بہ حفاظت زمین پر واپس پہونچ گئے ہیں۔

......مرکزی مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بی سی تحفظات میں دیگر طبقات کو شامل نہ کریں۔

......محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع میں ہلکی سے اوسط درجہ کی بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

## BANAKA CHARLA

تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے وزارت جل شکتی کے ساتھ کل کی میٹنگ کا ایجنڈہ تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ ریاست تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے وزرائے اعلی کی خصوصی میٹنگ آبی مسائل کے حل کے لئے کل منعقد ہونے جارہی ہے۔ دریں اثناء تلنگانہ ریاستی چیف سکریٹری کی طرف سے سکریٹری جل شکتی کو لکھے گئے خط میں حکومت نے بنا کاچرلہ مسئلہ کو ایجنڈے میں شامل کرنے پر اعتراض ظاہر کیا۔ تلنگانہ حکومت نے کرشنا کے تمام زیر التواء پراجکٹس، پالمور ڈنڈی پراجکٹ کیلئے قومی حیثیت اور پرانہیتا پراجکٹ کے لئے 80 ٹی ایم سی پانی مختص کرنے کی تجویز پیش کی۔ اس دوراان مملکتی مرکزی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بنا کاچرلہ پراجکٹ کے بارے میں اپنا ویژن مرکز کے سامنے مضبوطی کے ساتھ پیش کرے۔

## AXIOM LANDING

ہندوستانی خلاباز شو بھانشو شکلا اور Axiom-4 مشن کے تین دیگر عملہ کے ارکان بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر اپنے 18 روزہ تاریخی مشن پورا کرنے کے بعد بحفاظت زمین پر واپس آ گئے ہیں۔ اسپیس ایکس ڈریگن خلائی جہاز آج سہ پہر کیلیفورنیا میں سان ڈیاگو کے ساحل پر بحر الکاہل میں اتر گیا ہے۔ عملہ اب زمین کی کشش ثقل کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے سات روزہ بحالی پروگرام سے گزرے گا۔ Axiom-4 مشن کا خلائی سفر گزشتہ ماہ کی 25 تاریخ کو شروع ہوا جب Falcon-9 راکٹ ڈریگن خلائی کیپسول لے کر فلوریڈا سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کی طرف روانہ ہوا تھا۔ گروپ کیپٹن شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) کا دورہ کرنے والے پہلے ہندوستانی اور ونگ کمانڈر راکیش شرما کے بعد دوسرے ہندوستانی خلاباز ہیں، جو 1984 میں خلا میں گئے تھے۔ یہ تجربات مستقبل کے سیاروں کے مشنوں اور طویل مدتی خلائی رہائش کے لیے اہم ڈیٹا تیار کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ اتوار کو، NASA کے Expedition Crew نے Axiom-4 کے عملے کے لیے ایک روایتی تقریب کا اہتمام کیا۔ الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر شکلا نے اپنے خلائی سفر کو واقعی ناقابل یقین بتایا۔ یہ مشن، جسے آکاش گنگا کا نام دیا گیا ہے، Axiom Space، امریکی خلائی ایجنسی NASA، اور

ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارے کے درمیان ایک مشترکہ کوشش ہے۔

BC RESERVATION

مرکزی مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بیالیس فیصد بی سی تحفظات میں کسی دوسروں کو شامل نہ کیا جائے۔ سرسلہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس تجویز کی حمایت صرف اسی صورت میں کی جائے گی جب دیگر برداریوں کو بی سی کی فہرست سے نکال دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی سی تحفظات کا فائدہ صرف بی سی طبقات کو ہی ہونا چاہیے۔ قبل ازیں انہوں نے دسویں جماعت کے طلبا میں مودی گفٹ سائیکلیں تقسیم کیں۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ جلد ہی۔ ایل کے جی طلبا میں مودی کٹس تقسیم کئے جائیں گے۔

CM BULK DRUGS

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے آج کہا کہ قانون میں تبدیلی کے باوجود آسان صنعتی پالیسیوں کو حکومت آگے بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے اگلے دس سالوں میں ریاست کو ایک ٹریلین کی معیشت بنانے کے لیے جینوم ویلی سے تعاون طلب کیا۔ حیدرآباد کے قریب شاہ میر پیٹ میں Ichor Biologies کے نئے یونٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ حیدرآباد بلک ادویات کا عالمی دارالحکومت بنتا جارہا ہے کیونکہ ملک کا 43 فیصد حیدرآباد سے تیار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد آنے والے دنوں میں ڈیٹا سٹی بننے والا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب سے انہوں نے ریاست میں حکومت بنائی ہے 3.28 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔

INDUSTRY - ELECTRICITY- BILLS

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے آج کہا کہ حکومت زیر التواء بجلی بلوں، خاص طور پر صنعتوں کے یک وقتی تصفیہ کے بارے میں سوچ رہی ہے۔ حیدرآباد میں تلنگانہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کو صنعت اور عوام کی خوشحالی کو بڑھانے اور اسے ریاست کے ہر گھر تک پہنچانے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ مستقبل کا شہر گیم چینجر ثابت ہو گا، انہوں نے کہا کہ خوشحالی کے ذریعہ عوام کی امنگوں کو پورا کرنا حکومت کا مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کسی کے تصور سے بھی باہر ترقی کرے گا، اگر موسی ندی کی تجدید اور آر آر آر پروجیکٹس مکمل ہو جائیں۔

BRS

بی آر ایس نے آج ریاستی الیکشن کمیشن پر زور دیا کہ وہ کار کے نشان سے ملتے جلتے نشانات کو حذف کردے تاکہ ووٹر خاص طور پر دیہی پس منظر سے تعلق رکھنے والے ناخواندہ اور عمر رسیدہ رائے دہندگان میں الجھن پیدا نہ ہو۔ پارٹی نے اس سلسلے میں کمیشن سے نمائندگی کی۔ پارٹی نے کمیشن سے یہ بھی درخواست کی کہ وہ گاڑی سے مماثل نشانات کے اجراء کو یا تو واپس لے یا منجمد کرے۔ پارٹی نے تین نشانات کیمرہ، چپاتی رولر اور جہاز کی نشاندہی کی ہے اور اسے شک ہے کہ ووٹروں میں ان نشانات سے الجھن ہو سکتی ہے۔

BRS-EDUCATION

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راماراؤ نے حکومت کے زیر انتظام گروکل ریزیڈنشیل اسکولوں میں فوڈ پوائزننگ کے واقعات اور طلباء کی اموات میں خطرناک حد تک اضافہ پر گہرے غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت کو ان واقعات کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے الزام لگایا کہ یہ حکومت کی مجرمانہ غفلت ہے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ہزار سے زائد واقعات رپورٹ ہوئے ہیں انہوں نے فوری اصلاحی اقدامات کا مطالبہ کیا۔

HOUSING

پنچایت راج کی وزیر انسویا سیتا اکا نے آج کہا کہ حکومت خواتین کے سیلف ہلپ گروپس اور بینکوں کے ذریعے ان لوگوں کو مدد فراہم کرنے کی جانچ کرے گی جو مالی وجوہات کی وجہ سے اندرماں مکانات حاصل نہیں کر سکے۔ کاماریڈی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ عزم کے ساتھ کام کریں اور زمینی سطح کے مسائل سے واقف ہوں اور انہیں فوری حل کریں۔

SOUND BYTE

HOUSING MANCHERIAL

منچریال ڈسٹرکٹ کلکٹر کمار دیپک نے مطلع کیا کہ اندرماں مکانات مزید تین مرحلوں میں تقسیم کئے جائیں گے۔ لکشاٹی پیٹا منڈل ہیڈکوارٹر میں راشن کارڈس کی تقسیم کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ راشن کارڈس کی تقسیم ایک مسلسل عمل ہے اور تمام اہل افراد کو فلاحی پروگراموں کا فائدہ حاصل گا۔

SOUND BYTE

BHADRADRI KOTHA GUDEM

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے ڈسٹرکٹ کلکٹر جیتیش۔ وی۔ پٹیل نے عوام بالخصوص نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنا بلڈ گروپ کی تفصیلات سے آگاہ رہیں اور ہنگامی حالات میں خون کا عطیہ دے کر دوسروں کی جان بچانے کے لیے تیار رہیں۔ انہوں نے کوتہ گوڑم ریلوے اسٹیشن پر محکمہ ٹرانسپورٹ اور ٹریفک پولیس کی طرف سے خون کی جانچ کے کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنا بلڈ گروپ معلوم رکھیں۔

SOUND BYTE

MULUGU SHG

ملوگو ضلع میں، 5,200 سے زیادہ خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو گزشتہ مالی سال کے دوران سود کی مد میں 8.97 کروڑ روپے حاصل ہوئے ہیں۔ ملوگو کلکٹر دیواکر۔ ٹی ایس نے اس کی اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ یہ رقوم جلد ہی اندرامہیلا شکتی کی تقریبات کے دوران تقسیم کی

جائیں گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ 2023-24 کے دوران 4,400 سے زیادہ SHGs کو 3.26 کروڑ روپے کی سود کی رقم حاصل ہوئی تھی۔

WEATHER

ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے۔ریاست میں اگلے تین دنوں تک کچھ اضلاع میں اگلے دن تیز بارش ہو سکتی ہے۔محکمہ موسمیات کے حکام نے بتایا کہ آج بھی کچھ اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔شمال مشرقی خلیج بنگال تک کم دباؤ والے علاقے کے طور پر ریاست بھر میں 30-40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔

CANTONMENT

سکندرآباد کنٹونمنٹ بورڈ ایک خوبصورت منصوبے کے ساتھ پارکس،اوپن جم اور زیر زمین نکاسی آب۔تیار کرنے جارہا ہے۔ملکا جگیری کے رکن پارلیمنٹ ای راجندر نے آج کنٹونمنٹ بورڈ کی میٹنگ کے بعد میڈیا کو یہ اطلاع دی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ رمنا کنٹا جو۔اب نالیوں کے پانی سے بھرا ہوا ہے،اسے واکنگ ٹریک اور ہریالی کے ساتھ تیار کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ سیتارام پورم کے قریب کالونیوں کو بھاری بارش اور سیلاب کے دوران پانی جمع ہونے سے روکنے کے لیے مستقل اقدامات کیے جائیں گے۔

SWACHH- SARVERKSHAN

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو جمعرات کو سال 2024-25 کے لیے باوقار سوچھ سرویکشن ایوارڈز عطا کریں گی۔اس سال چار کیٹیگریز میں کل 78 ایوارڈز پیش کیے جائیں گے۔ملک بھر میں 14 کروڑ سے زیادہ لوگوں کی شرکت سے شہری صفائی اور خدمات کی فراہمی کا اندازہ 10 پیرامیٹرز کے تحت کیا گیا ہے۔